# ﴾پریس ریلیز﴿

فِش فارمرز حضرات متوجہ ہوں!

موسمِ برسات، سخت گرمی اور حبس میں پانی میں آکسیجن کی مقدار کافی حد تک کم ہو جاتی ہے۔ جو کہ تالاب میں موجود مچھلی کے لئے ناکافی ہوتی ہے۔ ابر آلود موسم میں جب آسمان پر گہرے بادل چھا جاتے ہیں تو سورج کی روشنی کی مناسب مقدار پانی تک نہیں پہنچ پاتی اس لئے ضیائی تالیف (Photosynthesis) کا عمل سست ہو جاتا ہے یا بالکل رُک جاتا ہے۔ حبس کے موسم میں جب ہوا رک جاتی ہے تو ہوا سے عمل سرائیت کے ذریعے تالاب کے پانی میں آکسیجن سرائیت کرنے کا عمل بھی سُست پڑ جاتا ہے۔ پانی میں مچھلی کی بہترین نشوونما کے لیے آکسیجن کی مقدار 5 ملی گرام فی لٹر یا 5 پی۔پی۔ایم تک ہونی چاہیئے۔ اگر آکسیجن کی مقدار 3 پی۔پی۔ایم سے کم ہو جائے تو مچھلی کے لئے خطرناک ہو جاتی ہے اور 2 پی۔پی۔ایم سے کم ہونے کی صورت میں مچھلیاں مرنے کا خدشہ ہوتا ہے۔

لہذا فشِ فارمرز حضرات سے گزارش ہے کہ تالاب میں آکسیجن کی کمی کے مسئلے پر قابو پانے کے لئے درج ذیل باتوں کو مدِ نظر رکھیں۔

1۔ تالاب میں تازہ پانی زیادہ سے زیادہ مقدار میں شامل کریں اور ممکن ہو تو ایک طرف سے تالاب میں تازہ پانی ڈالیں اور دوسری طرف سے پانی نکال کر دیگر فصلوں چاول وغیرہ کے لیے استعمال کریں۔

2۔ اگر ممکن ہو تو ایئریٹرز کا استعمال کریں یا پانی کو اونچائی سے فوارے کی شکل میں میں اُچھال کر تالاب میں شامل کریں۔ تا کہ ہوا کی آکسیجن پانی میں جذب ہو کر تالاب میں شامل ہو سکے۔

3۔ تالاب میں ضرورت سے زیادہ خوراک استعمال نہ کریں۔

4۔ تالاب میں سے آبی پودوں کو تلف کریں اور ان کی تعداد حد سے زیادہ نہ بڑھنے دیں۔

Scanned by CamScanner